SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر XII مجریہ ۱۹۷۶

SINDH ACT NO XII OF 1976

سندھ پیپلز لوکل گورنمینٹ (ترمیم) ایکٹ 1976

THE SINDH PEOPLES LOCAL GOVERNMENT (AMENDMENT) ACT, 1976

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

۲۔ سندھ آرڈیننس II مجریہ 1972 کی دفعہ 2 کی تبدیلی

Amendment of Section 2 of Sindh Ordinance II of 1972.

۳۔ سندھ آرڈیننس II مجریہ 1972 کی دفعہ 4 کی تبدیلی

Amendment of Section 4 of Sindh Ordinance II of 1972.

4. سندھ آرڈیننس II مجریہ 1972 کی دفعہ 4-A کا اضافہ

Insertion of section 4-A in Sindh Ordinance II of 1972

۵۔ سندھ آرڈیننس II مجریہ 1972 کی دفعہ 5 کی تبدیلی

Substitution of Section 5 of Sindh Ordinance II of 1972.

۶۔ سندھ آرڈیننس II مجریہ 1972 کی دفعات 8 سے 11 کی تبدیلی

Substitution of Section 8 to 11 of Sindh Ordinance II of 1972.

۷۔سندھ آرڈیننس 11 مجریہ 1972 کی دفعہ 12 میں تبدیلی

Amendment of section 12 of Sindh Ordinance II of 1972.

۸۔سندھ آرڈیننس 11 مجریہ 1972 کی دفعہ 14 میں تبدیلی

Substitution of section 14 of Sindh Ordinance II of 1972.

۹۔سندھ آڈیننس 11 مجریہ 2 197 کی دفعہ 18 میں تبدیلی

Substitution of section 18 of Sindh Ordinance II of 1972.

۱۰۔سندھ آرڈیننس 11 مجریہ 1972 کی دفعہ 100 میں تبدیلی

Amendment of section 100 of Sindh Ordinance II of 1972.

۱۱۔سندھ آرڈیننس 11 مجریہ 1972 کے شیڈول I سے شیڈول IV کو نکالنا

Omission of Schedule I and Schedule IV to Sindh Ordinance II of 1972.

۱۲۔سندھ آرڈیننس II مجریہ 1972 کے شیڈول میں تبدیلی

Amendment of Schedule II of Sindh Ordinance II of 1972.

۱۳۔سندھ آرڈینس 11 مجریہ 1972 کے شیڈول VII میں تبدیلی

Amendment of Schedule VII to Sindh Ordinance II of 1972.

۱۴۔ سندھ آرڈیننس V مجریہ 1976 کی منسوخی

Repeal of Sindh Ordinance V of 1976.

سندھ ایکٹ نمبر XII مجریہ ۱۹۷۶

SINDH ACT NO XII OF 1976

سندھ پیپلز لوکل گورنمنٹ (ترمیم) ایکٹ 1976

THE SINDH PEOPLES LOCAL GOVERNMENT (AMENDMENT) ACT, 1976

[31 جولائی ۱۹۷۶]

ایکٹ جس کے توسط سے سندھ پیپلز لوکل گورنمنٹ آرڈیننس 1972 میں اضافی ترمیم کرنا مقصود ہے۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ تقاضہ ہے سندھ پیپلز لوکل گورنمنٹ آرڈیننس 1972 میں مندرجہ ذیل طریقے سے اضافی ترمیم کی جائے۔

جس کو مندرجہ ذیل طریقے سے بنایا جائے گا۔

مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

۱۔(۱) اس ایکٹ کو سندھ پیپلز لوکل گورنمنٹ (ترمیم) ایکٹ، 1976 کہا جائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ ہو گا۔

سندھ آرڈیننس II مجریہ 1972 کی دفعہ 4 کی تبدیلی

Amendment of Section 4 of Sindh Ordinance II of 1972

۲۔ سندھ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، 1972 کی دفعہ 2 میں اس طرح تبدیلی لائی جائی گی۔

(i) شق نمبر (8) کے بعد مندرج ذیل (8-A) شق کا اضافہ کیا جائے گا۔

"(8-A) "شہر" کا مطلب ہے شہری ایراضی جسے اس آرڈیننس کے مطابق شہر ظاہر کیا گیا ہو۔"

(ii) شق (12) کو مندرجہ ذیل طریقے سے تبدیل کیا جائے گا:-

"(12) "کارپوریشن" کا مطلب ہے میٹروپولیٹن کارپوریشن یا میونسپل کارپوریشن۔"

(iii) شق (35) کو اس طرح تبدیل متبادل بنایا جائے گا:-

"(35) "میئر کا مطلب ہے کارپوریشن کا میئر۔"

(iv) شق (36) کے بعد ان شقوں کا اضافہ کیا جائے گا:

"(36-A) "میٹروپولیٹن کارپوریشن" کا مطلب ہے میٹروپولیٹن کارپوریشن جسے اس آرڈیننس کے تحت بنایا گیا ہے۔"

(36-B) "میونسپلٹی" کا مطلب ہے وہ شہری ایراضی جسے اس آرڈیننس کے مطابق میونسپلٹی ظاہر کیا گیا ہو۔"

(V) شق (42) اور (43) کو اس طرح بدلا یا جائے گا:

"(42) "پیپلز لوکل کائونسل" کا مطلب ہے وہ کارپوریشن، پیپلز ڈسٹرکٹ کائونسل، پیپلز ٹائون کامیٹی یا پیپلز میونسپل کامیٹی" یا میونسپل کامیٹی۔

(43) پیپلز میونسپل کامیٹی کا مطلب ہے وہ میونسپل جو اس حکم نامے کے تحت بنائی گئی ہو۔"

سندھ آرڈیننس II مجریہ 1972 کی دفعہ 4 کی تبدیلی

Amendment of Section 4 of Sindh Ordinance II of 1972

3. تبدیلی کے تحت آنے والے اس حکم نامے کی دفعہ 4 کی ذیلی دفعہ (2) کی شق (b) میں یہ تبدیلی لائی جائے گی اور یہ سمجھا جائے گا کہ یہ اس میں پہلے سے ہی تھی:

"(b)" وہ تمام کائونسلر، ضلعی کائونسلر ٹائون کامیٹیاں، میونسپل کامیٹیاں اور کراچی میونسپل کارپوریشن جو اس حکم نامے کے نافذ ہونے کے وقت سے قائم تھیں۔ یہی سمجھا جائے گا کہ یہی پیپلز لوکل کائونسلز ہیں اور ان کے افسران یا منتظمیں جو اس میں فرائض سرانجام دیتے ہیں اور اپنی ذمہ داریاں اس وقت تک نبھاتے رہتے ہیں جب تک کہ نئی منتخب کائونسلز اس حکم نامے کے تحت اپنا کام شروع

نہیں کرتی تو ایسا ہو سکتا ہے کہ اس عرصے کے دوراں حکومت کسی افسر یا منتظم کا تبادلہ کر سکتی ہے اور کسی دوسرے افسر یا منتظم طور پر مقرر کر سکتی ہے تا کہ وہاں کے کام کاج کو چلائے اور حکومت کائونسل کے کام کاج کو چلانے کے لئے دوسرا بندوبست بھی کر سکتی ہے۔"

سندھ آرڈیننس II مجریہ 1972 کی دفعہ 4-A کا اضافہ

Insertion of section 4-A in Sindh Ordinance II of 1972

4. تبدیلی کے تحت آنے والے اس حکم نامے کی دفعہ 4 میں یہ اضافہ کیا جائے گا:

"4-A اگر اس حکم نامے کے متن سے منحرف نہیں ہے تو حکومت نوٹیفکیشن کے توسط سے حکم دے سکتی ہے کہ فلاں تاریخ سے جو نوٹیفکیشن میں دی گئی ان کائونسلر کو اس طریقے سے بنایا جائے گا:"

(i) موجودہ کراچی میونسپل کارپوریشن کی مقامی ایراضی کے لئے ایک میٹروپولیٹن کارپوریشن۔

(ii) موجودہ حیدرآباد پیپلز میونسپل کامیٹی ک مقامی ایراضی کے لئے میونسپل کارپوریشن۔

(iii) ہر ایک موجودہ پیپلز ٹائون کامیٹی کی مقامی ایراضی کے لئے میونسپل کامیٹی:

سندھ آرڈیننس II مجریہ 1972 کی دفعہ 5 کی تبدیلی

Substitution of Section 5 of Sindh Ordinance II of 1972.

5. تبدیلی کے تحت آنے والے اس حکم نامے کی دفعہ 5 میں اسے متبادل طور پر رکھا جائے گا:

"5. کسی بھی مقامی ایراضی کے لئے اس حکم نامے کے تحت قائم کی گئی پیپلز لوکل کائونسل، جب تک نوٹیفکیشن جاری کرے اور اس کو واضح نہ کیا گیا ہو تو سمجھا جائے گا کہ مقامی ایراضی والی کائونسل کی یہ وارث ہے۔"

سندھ آرڈیننس II مجریہ 1972 کی دفعات 8 سے 11 کی تبدیلی

Substitution of Section 8 to 11 of

6. تبدیلی کے تحت آنیوالے اس حکم نامے کی 8 سے 11 والی دفعات مندرجہ ذیل طریقے سے تبدیل کیا جائے گا اور دفعہ 9 کے لئے سمجھا جائے گا، اور اسے شروعات سے تبدیل کیا گیا ہے۔

Sindh Ordinance II of 1972.

"8. (1) حد کے رہاشیوں سے اعتراض منگوا کر خواہشمند افراد کے اعتراض کے بعد حکومت نوٹیفکیشن کے ذریعے ایراضی کو شہری ایراضی ظاہر کر سکتی ہے۔"

(2) وہ ایراضیاں، جن کو اس حکم نامے کے نافذ ہونے والے وقت ٹائون کامیٹی، میونسپل کامیٹی، میونسپل کارپوریشن کراچی ڈیولپمینٹ اتھارٹی ٹائون شپ، کنٹونمنٹ بورڈ اور کراچی پورٹ ٹرسٹ کی حدود میں تھیں ان کو شہری ایراضی سمجھا جائے گا۔

9.(1) کنٹونمنٹ بورڈ کی ایراضی کے سوا حکومت نوٹیفکیشن کے ذریعے باقی شہری ایراضی کو مندرجہ ذیل طریقے سے ظاہر کیا جاسکتا ہے۔

(a) ایک قصبہ

(b) ایک میونسپلٹی

(c) ایک شہر

(2) اسکی ذیلی دفعہ (1) نافذ العمل ہوتے اس آرڈیننس کے توسط سے ہوئے ٹائون کمیٹی، میونسپل کمیٹی اور میونسپل کارپوریشن دائرہ اختیار میں آنیوالے علائقے کو قصبہ، میونسپلی اور شہر تصور کیا جائے گا۔

(3) گورنمنٹ اس قصبے میونسپلٹی یا شہر کے مکینوں کے خدشات اور اعتراضات کو مد نظر رکھتے ہوئے بذریعہ نوٹیفکیشن اس قصبے کو میونسپلٹی کو شہر قرار دیا جاسکتا ہے۔

10. گورنمنٹ کسی بھی ٹائون، میونسپلٹی یا شہر کے لوگوں کے اعتراضات طلب کرنے اور انکی منشا کے مطابق سروے کے بعد بذریعہ نوٹیفکیشن اس قصبے، میونسپلٹی، یا شہر کی حدود میں اسے مقررہ تاریخ سے اسے شہر قرار دیا دیا جائے گا۔

11. (1) شہری علائقے میں جتنا جلد ہو سکے مندرجہ ذیل کائونسل کو قائم

کیا جائے گا۔

(a) ایک قصبہ کا میٹی ایک قصبے کے لئے

(b) ایک میونسپل کا میٹی ایک میونسپلٹی کے لئے

(c) ایک کارپوریشن ایک شہر کے لئے

(2) ذیلی دفعہ (1) کے تحت بنائی گئی کائونسل اتنے میمبران پر مشتمل ہو گی جس کے لئے حکومت نے کوئی فارمولا بنایا ہو گا یا فیصلہ کیا ہو گا۔

(3) ذیلی دفعہ (1) کے تحت بنائی گئی کائونسل، اس کے علاوہ کہ حکومت یا اس کے طرف سے بااختیار بنایا گیا آفیسر ظاہر کرے، اس کائونسل کو اس ہی جگہ کی کائونسل سمجھا جائیگا جہاں وہ قائم کی گئی ہو۔

سندھ آرڈیننس 11 مجریہ 1972 کی دفعہ 12 میں تبدیلی
Amendment of section 12 of Sindh Ordinance II of 1972

7. تبدیل ہونے والے ایکٹ کے دفعہ 12 کی ذیلی دفعہ (1) میں دئے گئے الفاظ "کارپوریشن اور چھ پیپلز میونسپالٹیز مشترکہ اجلاس میں" کو "کارپوریشن اپنی پہلے اجلاس میں" سے تبدیل کیا جائے گا۔

سندھ آرڈیننس 11 مجریہ 1972 کی دفعہ 14 میں تبدیلی
Substitution of section 14 of Sindh Ordinance II of 1972

8. تبدیل ہونے والے آرڈیننس کے دفعہ 14 میں مندرج ذیل کو متبادل بنایا جائیگا۔

"14. کارپوریشن یا پیپلز میونسپل کا میٹی رولز کے اور حکومت کی ہدایات کے مطابق اپنے حدود میں فنڈ کا استعمال کر سکتی ہیں یا اس کام کے لئے استعمال کر سکتی ہے جس کا ذکر شیڈول میں دیا گیا ہے۔

بشرطیکہ کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن ایسے کام نہیں کریگی جو کراچی ڈیولپمنٹ اتھارٹی کو کراچی ڈیولپمنٹ اتھارٹی آرڈر، 1957 کے مطابق دئے گئے ہو یا جب تک اس اتھارٹی کو ختم نہ کیا گیا ہو۔"

Dissolution of Such Authority."

اتھارٹی کو تحلیل کرنا

سندھ آڈیننس 11 مجریہ 1972 کی دفعہ 18 میں تبدیلی
Substitution of section 18 of Sindh Ordinance II of 1972

9. اس آرڈیننس کے تحلیل ہونے سے دفعہ 18 کی مندرجہ ذیل طریقے سے تبدیلی کی جائے گی۔

"18-A اس آرڈیننس کے تحت حکومتی فارمولا کو مد نظر رکھتے ہوئے قائم کی جائے گی پیپلز ڈسٹرکٹ کنسل جن میمبرز پر مشتمل ہو گی ان کی تعداد 20 سے کم نہ ہو گی۔

سندھ آرڈیننس 11 مجریہ 1972 کی دفعہ 100 میں تبدیلی
Amendment of section 100 of Sindh Ordinance II of 1972

10. اس آرڈیننس کے توسط سے شق 100 کی ذیلی دفعہ (1) کے مطابق مندرجہ ذیل تبدیلی کی جائے گی۔

اس آرڈیننس کے ذریعے جرم کی سزا اور جرمانہ عائد ہو گا جو ایک ہزار تک ہو سکتا ہے۔

سندھ آرڈیننس 11 مجریہ 1972 کے شیڈول I سے شیڈول IV کو نکالنا
Omission of Schedule I and Schedule IV to Sindh Ordinance II of 1972.

11. تبدیلی کے تحت آنیوالے شیڈول I اور شیڈول IV کو شمار نہ کیا جائے گا۔

سندھ آرڈیننس II مجریہ 1972 کے شیڈول میں تبدیلی
Amendment of Schedule II of Sindh Ordinance II of 1972

12. اس آرڈیننس کے شیڈول II میں

(i) اور شیڈول II کی (دفعہ 14) میں لفظ، فگر بریکٹس حذف کئے جائیں گے۔

(ii) "پارٹ II میں، لفظ اور فگر پارٹ ٹو اور ہیڈنگ کو مندرجہ ذیل طریقے سے تبدیل کیا جائے گا۔

شیڈول

(ملاحظہ دفعہ 14)

سندھ آرڈیننس 11 مجریہ 1972 کے شیڈول VII میں تبدیلی

Amendment of Schedule VII to Sindh Ordinance II of 1972

13. میونسپل کمیٹی اور کارپوریشن کے ذریعے اس آرڈیننس کے توسط سے، شیڈول VI میں پارٹ I اور پارٹ II میں استعمال ہونے والے کاما تبدیل کئے جائیں گے۔

"ٹیکسز، ریٹس، ٹلز اور فیس کو کارپوریشن، پیپلز میونسپل کمیٹیز اور پیپلز ٹائون کمیٹی" پر عائد کیا جائے گا۔

(b) ان کو شامل کرنے کے کئے 4، 5، 19، 22 کے الفاظ "پیپلز میونسپلٹی" اور لفظ اور کاما "کارپوریشن پیپلز میونسپلٹی یا پیپلز ٹائون کمیٹی کے الفاظ سے تبدیل کئے جائیں گے۔"

سندھ آرڈیننس V مجریہ 1976 کی منسوخی

Repeal of Sindh Ordinance V of 1976

14. سندھ پیپلز لوکل گورنمنٹ (ترمیم) آرڈیننس 1976 کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔